http://www.sgbauonline.com/

AV–876

**M.A. Part–II (Semester–III) Examination**
**URDU**
**Study of Special Author (Mir Taqi Meer)**
**Paper–III**

Time : Three Hours] [Maximum Marks : 80

سوال نمبر۱۔ میر تقی میر کے حالات زندگی کا تفصیلی جائزہ پیش کیجئے۔ 16

**یا**

میر کی سیرت و شخصیت کا خاکہ ان کے عہد کے ادبی ماحول کے اعتبار سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر۲۔ میر کی شاعری کا فنِ شاعری کے پیش نظر جائزہ لیجئے۔ 16

**یا**

میر کی اردو غزل گوئی کی نمایاں خصوصیات کا جائزہ لیجئے۔

سوال نمبر۳۔ میر کی شاعری کا بڑا حصہ حسن و عشق کے مضامین سے متعلق ہے۔ اس قول کی روشنی میں میر کی شاعری میں تصور عشق کی وضاحت کیجئے۔ 16

**یا**

'شاعری میر کی زندگی تھی، ان کی فطرت میں شامل تھی' اس قول کو واضح کیجئے۔

سوال نمبر۴۔ میر کی اردو مثنوی نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔ 16

**یا**

اردو شاعری میں میر کا مقام متعین کیجئے۔

سوال نمبر۵۔ مندرجہ ذیل اشعار سے کوئی آٹھ اشعار کی تشریح مع حوالہ کیجئے۔ 16

(۱) الٹی ہوگئی سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا
دیکھا اس بیماری دل نے آخر کام تمام کیا

(۲) ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی
چاہتے ہیں سو آپ کریں ہیں ہم کو عبث بدنام کیا

(۳) شام سے کچھ بجھا سا رہتا ہے
دل ہوا ہے چراغ مفلس کا

(۴) آفاق کی منزل سے گیا کون سلامت
اسباب لٹا راہ میں یہاں ہر سفری کا



http://www.sgbauonline.com/

http://www.sgbauonline.com/

(۵) لب ترے لعل ناب ہیں دونوں
پر تمامی عتاب ہیں دونوں

(۶) دیکھ تو دل کہ جاں سے اٹھتا ہے
یہ دھواں سا کہاں سے اٹھتا ہے

(۷) لے سانس بھی آہستہ کہ نازک ہے بہت کام
آفاق کی اس کارگہ شیشہ گری کا

(۸) داغ آنکھوں سے کھل رہے ہیں سب
ہاتھ دستہ ہوا ہے نرگس کا

(۹) میرؔ کے دین و مذہب کو اب پوچھتے کیا ہو اُن نے تو
قشقہ کھینچا دیر میں بیٹھا کب کا ترک اسلام کیا

(۱۰) شرمندہ ترے رخ سے ہے رخسار پری کا
چلتا نہیں کچھ آگے ترے کبک دری کا

(۱۱) تن کے معمورے میں یہی دل و چشم
گھر تھے دو، سو خراب ہیں دونوں

(۱۲) نالہ سر کھینچتا ہے جب میرا
شور اک آسماں سے اٹھتا ہے



http://www.sgbauonline.com/